| | | |
|---|---|---|
| صوبہ | sūba *m.* | provins |
| سندھ | sindh *m.* | Sindh |
| بلوچستان | balūcistān *m.* | Baluchistan |
| صوبہ سرحد | sūba-ĕ-sarhad *m.* | North West Frontier Provinsen |
| قومی | qaumī *adj.* | nasjonal |
| زبان | zabān *f.* | språk |
| مادری زبان | mādrī zabān *f.* | morsmål |
| مختلف | mukhtalif *adj.* | forskjellig |
| مثال | misāl *f.* | eksempel |
| مثلاً | maslan | for eksempel |

1. Lytt til dialogen, og svar så på spørsmålene

غیر ملکی مہمان : پاکستان میں کتنے صوبے ہیں ؟

طالب علم : چار صوبے ہیں ۔ پنجاب ، سندھ ، بلوچستان اور صوبہ سرحد ۔

غ : کیا اِن چاروں صوبوں میں ایک ہی زبان بولی جاتی ہے ؟

ط : جی نہیں ، صوبوں کی زبانیں مختلف ہیں ۔

غ : یہ کیسے ہو سکتا ہے ؟ میں نے سُنا ہے کہ اُردو پاکستان کی قومی زبان ہے ۔

ط : اُردو قومی زبان تو ہے ، ہر صوبے کے لوگ سمجھتے ہیں ، مگر وہ آپس میں اپنی مادری زبان بولتے ہیں ۔

غ : مجھے ایک مثال دیجئے ۔

ط : مثلاً پنجاب کے لوگ اُردو سمجھ لیتے ہیں اور بول سکتے ہیں مگر آپس میں وہ پنجابی بولتے ہیں ۔

غ : صوبہ سرحد میں کون سی زبان بولی جاتی ہے ؟

ط : صوبہ سرحد میں پشتو بولی جاتی ہے ۔ سندھ میں سندھی بولی جاتی ہے اور بلوچستان میں بلوچی ۔

2. Spørsmål:

۱ ۔ پاکستان میں کتنے صوبے ہیں ؟ کون کون سے ؟

۲ ۔ کیا اِن چاروں صوبوں میں ایک ہی زبان بولی جاتی ہے ؟

۳ ۔ پاکستان کی قومی زبان کیا ہے ؟

۴ ۔ صوبہ سرحد میں کون سی زبان بولی جاتی ہے ؟

۵ ۔ صوبہ سندھ میں کون سی زبان بولی جاتی ہے ؟
٦ ۔ نوروے کی قومی زبان کیا ہے ؟
۷ ۔ جو پاکستانی لوگ نوروے آئے ہوئے ہیں ، وہ زیادہ تر کون سے صوبے سے آئے ہوئے ہیں ؟
۸ ۔ آپ پاکستان میں کون سا علاقہ دیکھنا چاہتے ہیں ؟

| | | |
|---|---|---|
| کے-ٹو | ke-ṭū | K-2, et fjell |
| سلسلہ | silsila *m.* | kjede, sammenheng |
| ہمالیہ | himālaya | en fjellkjede, Himalaya |
| قراقرم | qarāquram | en fjellkjede, Karakoram |
| ہندوکش | hindūkuś | en fjellkjede, Hindukush |
| نقشہ | naqśa *m.* | kart |
| نشان | niśān *m.* | tegn |

1. Lytt til dialogen.

اُستاد : پاکستان کے سب سے اونچے پہاڑ کا نام بتائیے ۔
طالب علم : سب سے اونچے پہاڑ کا نام کے-ٹو ہے ۔
اُ : پاکستان کے تین اہم پہاڑی سلسلوں کے نام بتائیے ۔
ط : تین اہم پہاڑی سلسلے یہ ہیں : ہمالیہ ، قراقرم اور ہندوکش ۔
اُ : ۔ نقشے میں ان تینوں پہاڑی سلسلوں کے نام تلاش کر کے ، اُن کے سامنے √ (ٹِک) کا نشان لگائیں ۔
ط : دیکھئے ، ہمالیہ یہاں پڑتا ہے ، قراقرم یہاں ، اور ہندوکش یہاں
اُ : پاکستان کے دو مشہور درّوں کے نام نقشے میں تلاش کیجئے ۔
ط : ایک تو درّہ خیبر یہاں پشاور کے نزدیک ہے ۔ دوسرا درّہ بولان ہے ، وہ کوئٹہ کے نزدیک ہے ۔

2. Spørsmål:

۱ ۔ پاکستان کے سب سے اونچے پہاڑ کا نام بتائیے ۔
۲ ۔ پاکستان کے تین اہم پہاڑی سلسلوں کے نام بتائیے ۔
۳ ۔ نقشے میں ان چاروں پہاڑی سلسلوں کے نام تلاش کیجئے ۔
۴ ۔ پاکستان کے دو مشہور درّوں کے نام نقشے میں تلاش کیجئے ۔

| | | |
|---|---|---|
| دریا | daryā *m.* | elv (*umarkert substantiv*) |
| دریائے سندھ | daryā-ĕ-sindh | Indus-elven |
| ستلج | satluj | en elv, Sutlej |
| راوی | rāvī | en elv, Ravi |
| چناب | cĕnāb | en elv, Chenab |
| جہلم | jĕhlam | en elv, Jhelum |
| سمندر | samundar *m.* | sjø |
| بحیرہ عرب | buhaira-ĕ-arab | det arabiske havet |
| بند | band *m.* | demning, voll |
| منگلا بند | manglā band | en demning på Jhelum-elven |
| تربیلا بند | tarbelā band | en demning på Indus-elven |

1. Lytt til dialogen.

اُستاد : پاکستان کا سب سے لمبا دریا کون سا ہے ؟
طالب علم : سب سے لمبا دریا دریائے سندھ ہے ۔
اُ : پنجاب کے دریاؤں کے نام بتائیے ۔
ط : دریائے سندھ کے علاوہ اُن کے نام یہ ہیں : سَتلُج ، راوی ، چناب اور جہلم ۔
اُ : دریائے سندھ کس سمندر میں گرتا ہے ؟
ط : دریائے سندھ بحیرہ عرب میں گرتا ہے ۔
اُ : پاکستان کے دو مشہور پانی کے بندوں کے نام بتائیے ۔
ط : منگلا بند اور تربیلا بند ۔
اُ : یہ بند کن کن دریاؤں پر بنائے گئے ہیں ؟
ط : منگلا بند دریائے جہلم پر بنایا گیا ہے ، اور تربیلا بند دریائے سندھ پر بنایا گیا ہے ۔

Spørsmål:

۱ ۔ پاکستان کا سب سے لمبا دریا کون سا ہے ؟
۲ ۔ پنجاب کے دریاؤں کے نام بتائیے ۔
۳ ۔ دریائے سندھ کس سمندر میں گرتا ہے ؟
۴ ۔ نقشے میں ان پانچوں دریاؤں کے نام تلاش کیجئے ۔
۵ ۔ پاکستان کے دو مشہور بندوں کے نام بتائیے ۔
۶ ۔ یہ بند کن دریاؤں پر بنائے گئے ہیں ؟

3. Tilleggs spørsmål: *Pākistān ke śĕhr*

| | | |
|---|---|---|
| مشہور | maśhūr *adj.* | berømt |
| مَقام | maqām *m.* | sted |
| صدر مَقام | sadar maqām *m.* | hovedstad |
| حکومت | hukūmat *f.* | regjering |
| دار الحکومت | dār ul-hukūmat *f.* | hovedstad, regjeringsby |
| حصہ | hissa *m.* | del |
| وفاقی علاقہ | vafāqī ilāqa *m.* | Federal Area, Føderalt område |
| اہم | aham *adj.* | viktig |

۱ ۔ آپ پاکستان کے کتنے مشہور شہروں کے نام جانتے ہیں ؟

۲ ۔ نقشے میں ان شہروں کے نام تلاش کر کے ، اُن کے سامنے √ (ٹِک) کا نشان لگائیں ۔

۳ ۔ پاکستان کے دو سب سے بڑے شہر کون سے ہیں ؟

۴ ۔ چاروں صوبوں کے صدر مَقامات کیا ہیں ؟

۵ ۔ اسلام آباد اہم شہر کیوں ہے ؟

۶ ۔ کیا اسلام آباد کسی صوبے کا حصہ ہے ؟

۷ ۔ آپ نے پاکستان کے کون کون سے شہر دیکھے ہیں ؟

۸ ۔ آپ پاکستان کا کون سا شہر دیکھنا چاہتے ہیں ؟